پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

29 اکتوبر 2019

ریزرو بینک آف انڈیا نے ’’جلگاؤں پیوپلس کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، جلگاؤں (مہاراشٹر) پر مالیاتی جرمانہ عائد کیا

ریزرو بینک نے اپنے 24 اکتوبر 2019 کے آرڈر سے ’’جلگاؤں پیوپلس کوآریٹیو بینک لمیٹیڈ، جلگاؤں، مہاراشٹر (بینک) پر پچیس لاکھ روپیہ (Rs.25,000,00) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ یہ جرمانہ اس بینک کے ذریعہ آر بی آئی کی آمدنی پہچان اور اثاثہ درجہ بندی نارمس اور ایڈوانسز کا مینجمنٹ پر جاری ہدایات پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے عائد کیا گیا ہے۔ آر بی آئی نے اس بینک پر یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 47A(I)(C) جس کو سیکشن 46(4)(I) اور سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک کے ذریعہ آر بی آئی کی مندرجہ بالا ہدایات کی عدم تعمیل کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

یہ کارروائی ریگولیٹری تعمیلات میں خامیوں کی بنیاد پر کی گئی ہے۔ اس کا مقصد بینک اور اس کے صارفین کے مابین کسی ٹرانزیکشن سے متعلق سمجھوتہ پر انگلی اُٹھانا نہیں ہے۔

پس منظر:

اس بینک کے اسٹیچوٹری انسپکشن جو کہ 31 مارچ 2018 کو اس کی مالیاتی حیثیت کے حوالہ سے کیا گیا تھا، میں یہ انکشاف ہوا کہ اس بینک نے آر بی آئی کے ذریعہ آمدنی کی پہچان اور اثاثہ کی درجہ بندی نارمس اور ایڈوانسز کا مینجمنٹ پر جاری ہدایات پر عمل نہیں کیا ہے۔ بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا تھا کہ کیوں نا اس پر ریزرو بینک کی ہدایات پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے جرمانہ عائد کر دیا جائے۔ بینک کے جواب ذاتی سماعت پر دی گئی وضاحت پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ ہدایات پر عمل نہیں کیا گیا ہے لہٰذا اس بینک پر مالیاتی جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

یوگیش دیال
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 1050/2019-2020